ISSN: 2321-8339

# سہ ماہی تحقیقات اسلامی علی گڑھ

جلد: ۴۴

شمارہ: ۱

رجب ۱۴۴۵ھ — رمضان المبارک ۱۴۴۵ھ

جنوری — مارچ ۲۰۲۴ء

## زرِ تعاون

**اندرونِ ملک**

| | |
|---|---|
| فی شمارہ | ۷۵/روپے |
| سالانہ | ۳۰۰/روپے |
| پانچ سال کے لیے | ۱۲۰۰/روپے |
| سالانہ (لائبریریاں وادارے) | ۴۰۰/روپے |

**بیرونِ ملک**

| | |
|---|---|
| سالانہ (انفرادی) | ۱۰۰۰/روپے |
| سالانہ (ادارے) | ۱۵۰۰/روپے |

**ایجنسی کمیشن**

| | |
|---|---|
| ۵ سے ۲۰ کاپیوں تک | 25% |
| ۲۰ سے زائد کاپیوں پر | 30% |

ڈاک خرچ بذمہ ادارہ

**ویب سائٹ**
www.tahqeeqat.net

**برائے ادارتی امور**

**ای میل:**
tahqeeqat@gmail.com
mrnadvi@gmail.com

**موبائل/واٹس ایپ:**
+91-9582050234

**برائے انتظامی امور**

**ای میل:**
idaratahqeeq2016@gmail.com

**موبائل/واٹس ایپ:**
+91-9897746586
+91-7786808467

**اکاؤنٹ:**
Tahqeeqat-e-Islami,
Union Bank of India
Muslim University, Branch
A/C.No. 452201010029001,
IFSC: UBIN0545228

طابع وناشر اشہد جمال ندوی نے بھارت آفسیٹ دہلی-۶ سے چھپواکر ادارۂ تحقیق وتصنیفِ اسلامی، نبی نگر (جمال پور)، علی گڑھ سے شائع کیا۔

## فہرست مضامین

**حرف آغاز**

| | | |
|---|---|---|
| طبِّ نبوی کی شرعی حیثیت | محمد رضی الاسلام ندوی | 5 |

**قرآنیات**

| | | |
|---|---|---|
| قرآنیات میں بعض مستشرقین کے افکار کا محاکمہ (پروفیسر ظفر الحق انصاری کی تحریروں کا مطالعہ) | پروفیسر ضیاء الدین فلاحی | ۳۵ |

**بحث ونظر**

| | | |
|---|---|---|
| بین مذاہب مکالمہ اور اس کی جہات | مولانا محمد جرجیس کریمی | ۶۱ |
| خبر واحد کی حجیت | ڈاکٹر حافظ فرحان ارشد | ۷۹ |

**فقہیات**

| | | |
|---|---|---|
| سونا چاندی کو ملا کر نصاب کی تکمیل | مولانا ولی اللہ مجید قاسمی | ۹۳ |

**تعارف وتبصرہ**

| | | |
|---|---|---|
| نیل المراد (منظوم اردو ترجمانی قصیدۂ بانت سعاد) | مولانا محمد جرجیس کریمی | ۱۱۷ |
| خبرنامہ ادارۂ تحقیق وتصنیف اسلامی (۹۰) | ادارہ | ۱۱۹ |
| مضامین کا انگریزی خلاصہ | | ۱۲۱-۱۲۸ |

# قرآنیات میں مستشرقین کے بعض افکار کا محاکمہ

## (پروفیسر ظفر اسحاق انصاریؒ کی تحریروں کا مطالعہ)

——— پروفیسر ضیاء الدین فلاحی

پروفیسر ظفر اسحٰق انصاریؒ (م ۱۹۹۱ء) عالمی شہرت یافتہ مفکر، مصنف اور مترجم تھے۔ آپ نے فکرِ اسلامی کا قیمتی اثاثہ چھوڑا ہے۔ تفہیم القرآن کا انگریزی ترجمہ آپ کا غیر معمولی کارنامہ ہے۔ اللہ نے آپ کو قرآن فہمی کا عظیم ملکہ عطا کیا تھا۔ [موصوف کے مختصر حالاتِ زندگی اور قرآنی خدمات کے لیے ملاحظہ کیجیے راقم کی کتاب: 'جماعت اسلامی کے فضلاء کی قرآنی خدمات'، مطبوعہ پروفیسر خلیق احمد نظامی مرکز علوم القرآن، علی مسلم یونی ورسٹی، علی گڑھ ۲۰۱۹ء]

پروفیسر انصاری کا ایک بڑا اہم کام مستشرقین کی غلط فہمیوں کا ازالہ اور اسلام کی بہترین ترجمانی ہے۔ اس سلسلے میں آپ نے متعدد مقالات لکھے۔ اس مقالہ میں ان کے چار انگریزی مقالات کا مطالعہ پیش کیا جا رہا ہے۔ ان کے ذریعہ موصوف نے قرآنیات کے حوالے سے موجودہ دور کے متعدد مستشرقین کے کاموں کا تعاقب و محاکمہ کیا ہے، قرآنی مطالب کے فہم میں ان کا نقص و قصور واضح کیا ہے اور ان کی نارسائیوں کا مسکت جواب دیا ہے۔ بلا مبالغہ کہا جا سکتا ہے کہ جس طرح سر سید احمد خان (م ۱۸۹۸ء) اور علامہ شبلی نعمانی (م ۱۹۱۴ء) نے سیرت پاک ﷺ کے متعدد گوشوں میں استشراقی تعصب اور دشمنی کا سراغ لگا کر مسلم دنیا کو خالص و بے آمیز سیرتی ادب فراہم کیا، اسی طرح قرآنی ادب کو استشراقی اثرات سے ممیّز کرنے اور شفاف لٹریچر فراہم کرنے کا فرض کفایہ پروفیسر موصوف نے ادا کیا ہے۔ اسلامک اسٹڈیز کے دیگر موضوعات پر پروفیسر مرحوم کی خدمات کا جائزہ ایک الگ موضوع ہے۔